حدیث موطا امام محمد حنفی فقہ میں مرتد کی سزا قتل نہیں

موطا امام محمد

تالیف

حضرت امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

علامہ نور الحسن چشتی

فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

محشی: علامہ افتخار احمد تبسم

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور • کراچی • پاکستان

ANSARI

آدمی سودا طے کرنے لگے اور کوئی اس کی قیمت زیادہ لگادے	363
بائع اور مشتری کے مابین جو بات بیع کو لازم کرتی ہے	363
بائع اور مشتری کے درمیان اختلاف	364
ادھار خریدنے والے کا مفلس ہوجانا	365
خرید و فروخت میں دھوکہ کرنا اور مسلمانوں کے لئے بھاؤ مقرر کرنا	365
بیع میں شرط لگانا اور بیع کا فاسد ہونا	366
پیوند لگا ہوا کھجور کا درخت اور مالدار غلام فروخت کرنا	367
شادی شدہ لونڈی خریدنا یا اسے ہدیۃً لینا یا ایسی لونڈی کسی کو بطور ہدیہ ملے	368
ایک سال اور تین دن کی شرط لگانا	368
ولاء کی بیع	369
امہات اولاد کی بیع	370
حیوان کی حیوان کے بدلے ادھار یا نقد بیع	370
بیع میں شرکت	371
باب القضاء	373
ہبہ اور صدقہ کا بیان	373
عطیہ کا بیان	374
تاحیات اور عارضی رہائش دینا	376
صرف اور سود کا بیان	377
کیلی یا وزنی اشیاء میں سود کا بیان	379
عطیات اور دیا ہوا قرض قبضہ سے پہلے فروخت کرنا	381
قرض کے بدلے بہتر چیز دینا	382
درہم اور دینار کو قطع کرنا	384
کھجور کے درخت اور زمین میں معاملہ و مزارعت کرنا	384
امام کی اجازت سے یا بغیر اجازت زمین کو زیر کاشت لانا	386
آب پاشی میں باہم رضامندی اور پانی کی تقسیم	386
غلام میں سے اپنا حصہ چھوڑ دینا یا اسے سائبہ بنا دینا یا اس کی آزادی کی وصیت کرنا	388
مدبر کی بیع	391
نسب کا دعویٰ کرنا	393
گواہ کے ساتھ قسم کا بیان	394
خصومات میں قسم دلانا	394
رہن کا بیان	395
شاہد کا شہادت دینا	396
گری پڑی چیزوں کا بیان	396
شفعہ کا بیان	398
مکاتب کا بیان	399
گھوڑے دوڑانے میں مقابلہ	401
ابواب السیر	402
امام کی اطاعت سے نکلنے والوں کا گناہ اور جماعت سے منسلک رہنے کی فضیلت	403
عورتوں کا قتل	404
باب المرتد	405
ریشم اور ریشمی کپڑا پہننا	405
سونے کی انگوٹھی پہننا	406
جانور کے مالک کی اجازت کے بغیر دودھ لینا	407
ذمیوں کا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں داخل ہونا	407
اپنے بیٹھنے کے لئے کسی کو مجلس سے اٹھانا	408

786 ANSARI

الفُوقِ۔

کچھ نظر نہیں آتا تم تیر کے پروں کو دیکھتے ہو تو تمہیں کوئی شے دکھائی نہیں دیتی اور تم تیر نکلنے کی جگہ پر شک کرتے ہو کہ آیا وہاں خون کا اثر ہے یہی حال ان کی عبادات و قرأتِ قرآن کا ہے وہ عند اللہ قبول نہیں)۔

قَالَ مُحَمَّدٌ: وَبِهٰذَا نَأْخُذُ، لَا خَيْرَ فِي الْخُرُوْجِ، وَلَا يَنْبَغِي إِلَّا لُزُوْمُ الْجَمَاعَةِ۔

حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم اسی پر عمل کرتے ہیں کہ اطاعتِ امیر سے نکلنے میں کوئی بھلائی نہیں جماعت کے ساتھ منسلک رہنا چاہیے۔

865۔ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، أَخْبَرَنَا نَافِعٌ، عَنْ اِبْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا۔

865۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے ہم پر ہتھیار اٹھائے وہ ہم میں سے نہیں۔

قَالَ مُحَمَّدٌ: مَنْ حَمَلَ السِّلَاحَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَاعْتَرَضَهُمْ بِهِ لِقَتْلِهِمْ، فَمَنْ قَتَلَهُ فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ، لِأَنَّهُ أَحَلَّ دَمَهُ بِاعْتِرَاضِ النَّاسِ بِسَيْفِهِ۔

حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جس نے مسلمانوں پر ہتھیار اٹھائے اور انہیں قتل کرنے کیلئے آیا تو جو اس کو قتل کر دے تو اس پر (قصاص وغیرہ میں سے) کوئی شے بھی نہیں کیونکہ اس نے لوگوں کے سامنے تلوار اٹھا کر آنے سے اپنا خون حلال کر دیا ہے۔

866۔ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ أَوْ أُحَدِّثُكُمْ بِخَيْرٍ مِنْ كَثِيْرٍ مِنَ الصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْبِغْضَةَ فَإِنَّمَا هِيَ الْحَالِقَةُ۔

866۔ حضرت یحییٰ بن سعید سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت سعید بن مسیب کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں تمہیں وہ عمل نہ بتاؤں یا بیان نہ کروں جو کثرتِ نماز (نفلی نماز) اور صدقہ سے بہتر ہے لوگوں نے عرض کی ضرور بتائیں تو آپ نے فرمایا دو ناراض آدمیوں کے درمیان صلح کراؤ اور بغض سے بچو کہ یہ تو مونڈنے والا ہے۔

بَابٌ: قَتْلُ النِّسَاءِ

عورتوں کا قتل

867۔ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، أَخْبَرَنَا نَافِعٌ، عَنْ اِبْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ رَأَى فِي بَعْضِ مَغَازِيْهِ امْرَأَةً مَقْتُوْلَةً، فَأَنْكَرَ ذٰلِكَ، وَنَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ۔

867۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کسی غزوہ میں ایک عورت کو مقتول پایا آپ ﷺ نے اس کو ناپسند فرمایا اور عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

قَالَ مُحَمَّدٌ: وَبِهٰذَا نَأْخُذُ، لَا يَنْبَغِي أَنْ يُقْتَلَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْمَغَازِي اِمْرَأَةٌ وَلَا شَيْخٌ فَانٍ، إِلَّا أَنْ تُقَاتِلَ الْمَرْأَةُ فَتُقْتَلَ۔

حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ہم اسی پر عمل کرتے ہیں کہ عورت اور شیخ فانی کو جنگوں میں قتل نہیں کرنا چاہیے مگر جب عورت جنگ کرے تو اسے قتل کردینا چاہیے۔

بَابٌ: اَلْمُرْتَدُّ

باب المرتد

868۔ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، أَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَدِمَ رَجُلٌ عَلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ قِبَلِ أَبِيْ مُوْسٰى، فَسَأَلَهُ عَنِ النَّاسِ، فَأَخْبَرَهُ ثُمَّ قَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ مُغْرِبَةِ خَبَرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، رَجُلٌ كَفَرَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ، فَقَالَ مَاذَا فَعَلْتُمْ بِهِ؟ قَالَ: قَرَّبْنَاهُ فَضَرَبْنَا عُنُقَهُ، قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَهَلَّا طَبَقْتُمْ عَلَيْهِ بَيْتاً ثَلَاثاً وَأَطْعَمْتُمُوْهُ كُلَّ يَوْمٍ رَغِيْفاً، فَاسْتَتَبْتُمُوْهُ لَعَلَّهُ يَتُوْبُ وَيَرْجِعُ إِلٰى أَمْرِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي لَمْ آمُرْ، وَلَمْ أَحْضُرْ، وَلَمْ أَرْضَ إِذَا بَلَغَنِيْ۔

868۔حضرت عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالقاری نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک آدمی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا آپ نے اس سے وہاں کے لوگوں کے بارے میں دریافت کیا اس نے آپ کو آگاہ کیا آپ نے فرمایا کیا تمہارے پاس کوئی نئی خبر ہے اس نے عرض کی جی ہاں ایک آدمی اسلام لانے کے بعد کافر ہوگیا آپ نے فرمایا تم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا اس نے کہا ہم نے اسے حاضر کیا اور اس کی گردن اڑادی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے اسے تین دن تک کوٹھڑی میں بند کیوں نہ کیا؟ تم ہر روز اسے کھانا کھلاتے تم اسے توبہ کے متعلق کہتے شاید وہ توبہ کرلیتا اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف لوٹ آتا۔ اے اللہ میں نے نہ اس کا حکم دیا نہ میں وہاں موجود تھا اور نہ ہی مجھے خوشی ہوئی جب مجھے یہ خبر پہنچی۔

قَالَ مُحَمَّدٌ: إِنْ شَاءَ الْإِمَامُ أَخَّرَ الْمُرْتَدَّ ثَلَاثاً إِنْ طَمِعَ فِي تَوْبَتِهِ، أَوْ سَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ الْمُرْتَدُّ، وَإِنْ لَمْ يَطْمَعْ فِي ذٰلِكَ وَلَمْ يَسْأَلْهُ الْمُرْتَدُّ فَقَتَلَهُ فَلَا بَأْسَ بِذٰلِكَ۔

حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر امام چاہے تو مرتد کو تین دن کی مہلت دے اگر اس کے توبہ کرنے کی امید ہو یا مرتد اس سے مہلت مانگے اور اگر توبہ کی امید نہ ہو اور مرتد بھی مہلت طلب نہ کرے تو اس کو قتل کردے تو کوئی حرج نہیں۔

بَابٌ: مَا يُكْرَهُ مِنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ

ریشم اور ریشمی کپڑا پہننا

869۔ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، أَخْبَرَنَا نَافِعٌ، عَنْ اِبْنِ عُمَرَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَرَأٰى حُلَّةً سِيَرَاءَ تُبَاعُ عِنْدَ بَابِ

869۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی جبکہ آپ نے خالص ریشم کا حلہ دیکھا جو مسجد کے پاس فروخت کیا

وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا (25:30)

اور پیغمبر کہیں گے کہ اے پروردگار میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا

Then the Messenger will say: "O my Lord! Truly my people took this Qur'an for just foolish nonsense."

غامدی، توہین رسالت، سلمان تاثیر اور ممتاز قادری

"ایک لمحے کے لیے فرض کرلیں کہ غامدی صاحب کی بات درست ہے اور قرآن نے توہین رسالت کا کوئی قانون نہیں دیا اور کسی بھی آیت کی رو سے گستاخ رسول کی سزا موت ثابت نہیں ہوتی"

غامدی صاحب ! مجھے اس سے غرض نہیں کہ گستاخ کی سزا قرآن کریم میں موجود ہے یا نہیں !

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا (4:137)

جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے (مرتد کی سزا قتل کے بعد) پھر ایمان لائے پھر کافر ہو گئے (مرتد کی سزا قتل کے بعد) پھر کفر میں بڑھتے گئے ان کو خدا نہ تو بخشے گا اور نہ سیدھا رستہ دکھائے گا

جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوگئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہوگئے پھر کفر میں بڑھتے گئے ان کو خدا نہ تو بخشے گا اور نہ سیدھا رستہ دکھائے گا

Those who believe, then reject faith, then believe (again, after death penalty), and (again, after death penalty), reject faith and go on increasing in unbelief,- Allah will not forgive them nor guide them nor guide them on the way.

Those who believe, then reject faith, then believe (again) and (again) reject faith, and go on increasing in unbelief,- Allah will not forgive them nor guide them nor guide them on the way.

No Death Penalty for Murtad in Hadith Mota Imam Muhammad Hanafi Fiqh

Compiled by: Rana Ammar Mazhar

لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا
انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (2:256)

دین (اسلام) میں زبردستی نہیں ہے ہدایت (صاف طور پر ظاہر اور) گمراہی سے الگ ہو چکی ہے تو جو شخص بتوں سے اعتقاد نہ رکھے اور خدا پر ایمان لائے اس نے ایسی مضبوط رسی ہاتھ میں پکڑ لی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں اور خدا (سب کچھ) سنتا اور (سب کچھ) جانتا ہے
(2:256)

Let there be no compulsion in religion: Truth stands out clear from Error: whoever rejects evil and believes in Allah hath grasped the most trustworthy hand-hold, that never breaks. And Allah heareth and knoweth all things.(2:256)

إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۚ
وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ
عَلَيْهِمْ سَبِيلًا (4:90)

مگر جو لوگ ایسے لوگوں سے جا ملے ہوں جن میں اور تم میں (صلح کا) عہد ہو یا اس حال میں کہ ان کے دل تمہارے ساتھ یا اپنی قوم کے ساتھ لڑنے سے رک گئے ہوں تمہارے پاس آجائیں (تو احتراز ضروری نہیں) اور اگر خدا چاہتا تو ان کو تم پر غالب کردیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے پھر اگر وہ تم سے (جنگ کرنے سے) کنارہ کشی کریں اور لڑیں نہیں اور تمہاری طرف صلح (کا پیغام) بھیجیں تو خدا نے تمہارے لئے ان پر (زبردستی کرنے کی) کوئی سبیل مقرر نہیں کی (4:90)

Except those who join a group between whom and you there is a treaty (of peace), or those who approach you with hearts restraining them from fighting you as well as fighting their own people. If Allah had pleased, He could have given them power over you, and they would have fought you: Therefore if they withdraw from you but fight you not, and (instead) send you (Guarantees of) peace, then Allah Hath opened no way for you (to war against them).(4:90)

کیا یہ امر حیرت انگیز نہیں کہ
قرآن میں کم از کم چار مرتبہ ارتداد کا ذکر
ہوا ہے لیکن کسی ایک جگہ پر بھی اشارۃً یا
کنایۃً قتل تو دور کی بات ،(دنیا
میں) کسی بھی سزا کا ذکر نہیں کیا
گیا۔

Fiqah Hanfiah Main Murtad Ki Saza Maut Nahin

عنوان الکتاب: البحر الرائق شرح کنز الدقائق

المؤلف: لابن نجیم المصري

بهامش مع منحة الخالق لابن عابدين

الناشر: المطبعة العلمية

سنة النشر: الطبعة الأولى طبعة سنة 1311ھ

عدد المجلدات: 08

مجلد الخامس۔ صفحہ 124-125

فقہ حنفیہ میں رسول اللہ ﷺ کو گالی دینے والے یعنی شاتم رسول اللہ ﷺ والے کو قتل کی سزا (جو قرآن و سنت کا حکم ہے) نہیں۔ بلکہ فقہ حنفیہ کے ہاں شاتم رسول اللہ ﷺ کی جان اور مال کی حفاظت بھی کی جائے گی۔ اس بات سے آپ سمجھ سکتے ہیں کہ احناف کا اسلام اور قرآن و حدیث سے کتنا تعلق ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی حدیث کے مطابق وہ شخص مومن ہو ہی نہیں سکتا جو رسول اللہ ﷺ سے دنیا کی ہر شئے سے زیادہ محبت نہ کرتا ہو حتٰی کہ اپنے والدین سے بھی زیادہ۔ لیکن احناف کو ان چند کوڑیوں سے زیادہ محبت ہے جو بطور ذمہ مل جائے۔ آپ دکھیں کہ فقہ حنفیہ کے محرر مذہب نعمانی (یعنی فقہ حنفیہ) کے منصب پر فائز ہیں اور جو احناف میں ابو حنیفہ ثانی کہلوائے جاتے ہیں کس ہٹ دھرمی کے ساتھ اعلان کرتے ہیں:

"جی ہاں! (رسول اللہ ﷺ کو) گالی کے مسئلے میں مومن کا دل (ہمارے) مخالف کے قول کی طرف مائل ہوتا ہے لیکن ہمارے لئے ہمارے مذہب (یعنی فقہ حنفیہ) کی اتباع (تقلید) واجب ہے۔"

ان کو دین اسلام اور قرآن پر ایمان کی کوئی فکر نہیں، ایمان جاتا ہے چلے جائے مگر فقہ حنفیہ ہاتھ سے نہ جائے! اور ان کے نزدیک قرآن و سنت کا حکم ماننا لازم نہیں بلکہ اپنے مذہب یعنی فقہ حنفیہ کو ماننا لازم ہے۔ اللہ ہمیں دین اسلام پر استقامت دے اور فتنہ فقہ حنفیہ سے محفوظ رکھے۔ آمین

قولہ ولا ینتقض عہدہ بالاباء عن الجزیۃ والزنا بمسلمۃ وقتل مسلم وسب النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اور جو (ذمی کافر) جزیہ دینے سے رک جائے (یعنی جزیہ دینے سے انکار کردے) یا کسی مسلمان عورت سے زنا کرے یا مسلمان کو قتل کردے یا رسول اللہ ﷺ کو گالی دے تو اس کا عہد نہیں ٹوٹے گا۔

نعم نفس المؤمن تمیل الی قول المخالف فی مسئلۃ السب لکن اتباعنا للمذہب واجب

جی ہاں! (رسول اللہ ﷺ کو) گالی کے مسئلے میں مومن کا دل (ہمارے) مخالف کے قول کی طرف مائل ہوتا ہے لیکن ہمارے لئے ہمارے مذہب (یعنی فقہ حنفیہ) کی اتباع (تقلید) واجب ہے۔

﴿الجـــزء الخامس﴾

من البحر الرائق شرح كنز الدقائق للامام
العلامة والنحرير الفهامة فقيه عصره
ووحيد دهره محرر المذهب النعمانى
وأبى حنيفة الثانى الشيخ زين
الدين الشهير بابن نجيم
رحمه الله تعالى
آمين

وبهامشه الحواشى المسماة بمنحة الخالق على البحر الرائق لخاتمة المحققين ونخبة العلماء العاملين العلامة الفاضل والاستاذ الكامل السيد محمد أمين الشهير بابن عابدين رحمه الله وقد جعل كتاب البحر مفرغا فى سبعة أجزاء والجزء الثامن تكملة العلامة المحقق محمد الشهير بالطورى ولتمام الانتفاع جعل المتن مع الحاشية فى طرة الكتاب وفصل بينهما بفاصل من جدولى الطبع المستطاب

﴿ الطبعة الاولى بالمطبعة العلمية ﴾

(قوله وفي الحانية الذمي اذا اشترى الخ) قال الرملي حاصله ان المسئلة خلافية والذي يجب أن يعول عليه التفصيل فلا نقول بالمنع مطلقا ولا بعدمه مطلقا بل يدور الحكم على القلة والكثرة والضرر والمنفعة وهذا هو الموافق للقواعد الفقهية فتأمل

واحدة أو بعلامتين أو بالثلاث قال بعضهم بعلامة واحدة اما على الرأس كالقلنسوة الطويلة المضربة أو على الوسط كالكستيج أو على الرجل كالنعل والمكعب على خلاف نعال النا أو مكاعبنا وقال بعضهم لا بد من الثلاث ومنهم من قال في النصراني يكتفى بعلامة واحدة وفي اليهودي بعلامتين وفي المجوس بالثلاث واليه مال الشيخ أبو بكر محمد بن الفضل وفي الذخيرة وبه كان يفتي بعضهم قال شيخ الاسلام والاحسن أن يكون في الكل ثلاث علامات وكان الحاكم الامام أبو محمد يقول ان صالحهم الامام وأعطاهم الذمة بعلامة واحدة لا يزاد عليها وأما اذا فتح بلدا عنوة وقهرا كان للامام أن يلزمهم العلامات وهو الصحيح اه واذا وجب عليهم اظهار الذل والصغار مع المسلمين وجب على المسلمين عدم تعظيمهم لكن قال في الذخيرة اذا دخل يهودي الحمام هل يباح للخادم المسلم أن يخدمه ان خدمه طمعا في فلوسه فلا بأس به وان فعل ذلك تعظيما له ان كان ليميل قلبه الى الاسلام فلا بأس به وان فعل ذلك تعظيما له من غير أن ينوي شيأ مما ذكرناه كره له ذلك وكذا اذا دخل ذمي على مسلم فقام له ان قام طمعا في ميله الى الاسلام فلا بأس به وان فعل ذلك تعظيما له من غير أن ينوي ما ذكرنا أو قام تعظيما لغناه كره له ذلك اه قال الطرسوسي ان قام تعظيما لذاته وما هو عليه كفر لان الرضا بالكفر كفر فكيف بتعظيم الكفر اه كذا في شرح المنظومة وفي الحانية الذمي اذا اشترى دارا في المصر ذكر في العشر والخراج انه لا ينبغي أن يباع منه وان اشتراها يجبر على بيعها من المسلم وذكر في الاجارات انه يجوز الشراء ولا يجبر على البيع ولا يترك الذمي أن يتخذ بيته صومعة في المصر يصلي فيه اه وفي الصغرى وذكر في الاجارات انه لا يجبر على البيع الا اذا كثر فحينئذ يجبر اه وفي التتارخانية يمكنون من المقام في دار الاسلام على رواية عامة الكتب الا أن يكون من امصار العرب كارض الحجاز وعلى رواية العشر كما يجبر على بيع داره يخرجون من المصر وبه أخذ الحسن بن زياد وفي الذخيرة واذا تكارى أهل الذمة دورا فيما بين المسلمين ليسكنوا فيها جاز لانهم اذا سكنوا بين المسلمين رأوا معالم الاسلام ومحاسنه وشرط الحلواني قلتهم بحيث يمكنون من المقام في دار الاسلام الا في امصار العرب كارض الحجاز أما اذا كثروا بحيث تعطل بسبب سكناهم بعض المسلمين أو تقللوا يمنعون من السكنى فيما بين المسلمين ويؤمرون بأن يسكنوا ناحية ليس فيها المسلمون وهو محفوظ عن أبي يوسف اه وفي المحيط يمكنون أن يسكنوا في امصار المسلمين يبيعون ويشترون في أسواقهم لان منفعة ذلك تعود الى المسلمين اه (قوله ولا ينتقض عهده بالاباء عن الجزية والزنا بمسلمة وقتل مسلم وسب النبي صلى الله عليه وسلم) لان الغاية التي ينتهي بها القتال التزام الجزية لا اداؤها والالتزام باق فيأخذها الامام منه جبرا والاباء الامتناع وأما الزنا فيقيم الحد عليه وفي القتل يستوفي القصاص منه وأما السب فكفر والمقارن له لا يمنعه فالطارئ لا يرفعه وأشار الى انه لا ينتقض اذا نكح مسلمة ولو وقع ذلك فالنكاح باطل ويعزران وكذا الساعي بينهما ولو أسلم بعد ذلك لا يجوز النكاح لوقوعه باطلا كذا في المعراج من باب نكاح الكافر وذكر العيني وفي رواية مذكورة في واقعات حسام ان أهل الذمة اذا امتنعوا عن أداء الجزية ينتقض العهد ويقاتلون وهو قول الثلاثة اه ولا يخفى ضعفها رواية ودراية كما ان قول العيني واختياري

ولا ينتقض عهده بالاباء عن الجزية والزنا بمسلمة وقتل مسلم وسب النبي صلى الله عليه وسلم

(قوله كما أن قول العيني واختياري الخ) قال الرملي عبارة العيني قال الشافعي ينتقض به لانه ينقض الايمان فالامان أولى وبه قال مالك وأحمد واختياري هذا فقوله هذا اشارة الى النقض لا الى القتل ولا يلزم من عدم النقض عدم القتل وقوله لا أصل له في الرواية فاسد اذ صرحوا قاطبة بانه يعزر على ذلك ويؤدب وهو يدل على جواز قتله زجرا لغيره اذ يجوز الترقي في التعزير الى القتل اذا عظم موجبه ومذهب الشافعي رحمه الله عدم النقض به كمذهبنا على الاصح قال ابن السبكي لا ينبغي أن يفهم من عدم الانتقاض انه لا يقتل فان ذلك لا يلزم وقد حقق ذلك الوالد رحمه الله في كتابه السيف المسلول على من سب الرسول وصحح انه يقتل وان قلنا بعدم انتقاض العهد اه كلام ابن السبكي وانظر الى قوله لا ينبغي أن يفهم من ان عدم الانتقاض أن لا يقتل وليس في المذهب ما ينفي قتله خصوصا اذا أظهر ما هو الغاية في التمرد وعدم الاكتراث والاستخفاف

واستعلى على المسلمين على وجه صار مستمرا عليهم فما بحثه في الفتح في النقض مسلم مخالفته للمذهب وأما ما بحثه في القتل فغير مسلم مخالفته للمذهب تأمل اه قلت وفي شرح المقدسي بعد نقله كلام العيني والفتح ١٢٠ ما نصه وهو مما يميل اليه كل مسلم والمتون والشروح خلاف ذلك أقول وانما أن نؤدب الذمي تعزيرا شديدا بحيث لو مات كان دمه هدرا كما عرف أن من مات في تعزير أو حد لا شئ فيه اه (قوله وكذا وقع لابن الهمام بحث الخ) حيث قال والذي عندي ان سبه عليه الصلاة والسلام

بل بالالتحاق ثمة أو بالغلبة على موضع للحراب وصاروا كالمرتدين

أو نسبته ما لا ينبغي الى الله تعالى ان كان مما لا يعتقدونه كنسبة الولد الى الله تعالى وتقدس عن ذلك ان أظهره يقتل به وينتقض عهده وان لم يظهر ولكن عثر عليه وهو يكتمه فلا وتمامه فيه قلت وفي حاشية السيد أبي السعود عن الذخيرة ما يؤيده حيث قال وفي الذخيرة اذا ذكره بسوء يعتقده ويتدين به بأن قال انه ليس برسول أو قتل اليهود بغير حق أو نسبه الى الكذب فعند بعض الائمة لا ينتقض عهده اما اذا ذكره بما لا يعتقده ولا يتدين به كما لو نسبه الى الزنا أو طعن في نسبه ينتقض اه (قوله واستدلاله في المحيط الخ) قلت يجاب عنه بأنه قصد الاستدلال بمفهوم الدلالة كما يشير اليه قوله ولانه لو فعله المسلم الخ تأمل (قوله ولا ينتقض بالقول) قال في النهر ويشكل عليه ما قدمناه من انه لو امتنع من قبول الجزية نقض عهده وليس ذلك الا بالقول اه

أن يقتل بسب النبي صلى الله عليه وسلم لا أصل له في الرواية وكذا وقع لابن الهمام بحث هنا خالف فيه أهل المذهب وقد أفاد العلامة قاسم في فتاواه انه لا يعمل بأبحاث شيخه ابن الهمام المخالفة للمذهب نعم نفس المؤمن تميل الى قول المخالف في مسئلة السب لكن اتباعنا للمذهب واجب وفي الحاوي القدسي ويؤدب الذمي ويعاقب على سبه دين الاسلام أو النبي أو القرآن اه (قوله بل بالالتحاق ثمة أو بالغلبة على موضع للحراب) أي بل ينتقض عهده بالالتحاق بدار الحرب ونحوه لانهم صاروا حربا علينا فيعرى عقد الذمة عن الفائدة وهو دفع شر الحراب وظاهر كلامهم انه لا ينتقض الا بأحد الامرين وقد ذكر في فتح القدير من باب نكاح المشرك أن الذمي لو جعل نفسه طليعة للمشركين فانه يقتل لانه محارب معنى فحينئذ هي ثلاث لكن في المحيط هنا الذمي اذا وقف منه على انه يخبر المشركين بعيوب المسلمين أو يقاتل رجلا من المسلمين فيقتله لا يكون نقضا للعهد لما روى ان حاطب بن أبي بلتعة كتب الى مكة ان النبي صلى الله عليه وسلم يريد حربكم فخذوا حذركم وجعل الكتاب في قرن امرأة لتذهب به الى مكة فنزل قوله تعالى يا أيها الذين آمنوا لا تتخذوا عدوي وعدوكم أولياء تلقون اليهم بالمودة فبعث عليا رضي الله عنه فأخذه وجاء به الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لحاطب ما حملك على هذا فقال ان لي عيالات وقرابات بمكة واردت أن يكون لي عندهم يد واني أعلم ان الله تعالى ناصرك ومكنك ولا يضرك ما صنعت فقال عمر رضي الله عنه ائذن لي حتى اضرب عنق هذا المنافق فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم مهلا يا عمر لعل الله اطلع على أهل بدر فقال اعملوا ما شئتم واني غفرت لكم لانه لو فعله المسلم لا يكون نقضا للاسلام فكذلك اذا فعله الذمي غير انه يعاقب ويحبس لانه ارتكب محظورا اه الا ان يفرق بين الطليعة وبين ما في المحيط لما في المغرب الطليعة واحدة الطلائع في الحرب وهم الذين يبعثون ليطلعوا على أخبار العدو ويتعرفونها قال صاحب العين وقد يسمى الرجل الواحد في ذلك طليعة والجمع أيضا اذا كانوا معا وفي كلام محمد الطليعة الثلاثة والاربعة وهي فوق السرية اه فيحمل ما في المحيط على انه لم يبعثه أهل الحرب ليطلع على أخبار المسلمين وما في الفتح ظاهر فيما اذا بعثوه لذلك واستدلاله في المحيط بواقعة حاطب بعيد لان كلامه في الذمي وحاطب كان مؤمنا ولذا قال تعالى يا أيها الذين آمنوا الخ وقال تعالى ومن يفعل ذلك منكم فقد ضل سواء السبيل ولذا قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم صدقت وأفاد المصنف رحمه الله ان العهد لا ينتقض بالقول ولذا قال في المحيط عقد الذمة ينتقض بالفعل وهو الالتحاق ولا ينتقض بالقول وامان الحربي ينتقض بالقول اه (قوله وصاروا كالمرتدين) أي صار أهل الذمة بالالتحاق أو بالغلبة كالمرتدين في قتلهم ودفع مالهم لورثتهم لانه التحق بالاموات لتباين الدار قيدنا التشبيه في الشيئين لان بينهما فرقا من جهة أخرى وهو ان الذمي بعد الالتحاق يسترق ولا يجبر على قبول الذمة ذكرا كان أو أنثى كما في المحيط بخلاف المرتد حيث لا يسترق ويجبر على الاسلام لان كفر المرتد أغلظ وسيأتي ان المرتدة تسترق بعد اللحاق رواية واحدة وقبله في رواية وأفاد بالتشبيه ان المال الذي لحق به بدار الحرب فيء كالمرتد ليس لورثتهما أخذه بخلاف ما اذا رجع الى دار

باب ثانی

مرتد کے بارے میں تفصیلات اور ان کا حکم

اس باب میں ان کفریہ الفاظ کی تفصیل درج کی گئی ہے جن کا تعلق ایمان واسلام، اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، انبیا علیہم السلام، صحابہ کرام، فرشتوں، قرآن پاک، نماز، روزہ اور زکواۃ، علم وعلما، حلال وحرام، فاسق وفاجر کے کلام، قیامت، اور تلقین کفر سے ہے۔ آخر میں کفر وارتداد سے توبہ کا طریقہ درج کیا گیا ہے۔

جب کوئی مسلمان نعوذ باللہ اسلام سے پھر جائے تو اس کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی جائے۔ اگر وہ اسلام کے بارے میں کسی شک وشبہ کا شکار ہو تو اس کا شک وشبہ رفع کیا جائے۔ اگر چہ دوسری دفعہ اسلام کی دعوت دینا اور اس کا شک وشبہ دور کرنا واجب نہیں ہے بلکہ مستحب ہے کیونکہ اسلام کی دعوت اس کو پہلے ہی پہنچ چکی ہے۔ اب اس کو تجدید دعوت کی احتیاج نہیں ہے۔ نیز مستحب یہ ہے کہ ایسے شخص کو تین دن کے لئے قید میں ڈال دیا جائے۔ اگر وہ ان تین دنوں میں توبہ کر کے دائرہ اسلام میں لوٹ آئے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کو قتل کر دیا جائے کیونکہ اسلام نے مرتد کی سزا قتل مقرر کی ہے اور بعض علماء نے یہ لکھا ہے کہ اگر وہ مہلت طلب کرے تب اس کو مہلت دی جائے ورنہ مہلت دینے کی ضرورت نہیں۔

''مرتد'' عرف عام میں اس شخص کو کہتے ہیں جو دین اسلام سے پھر جائے۔ قبول ایمان کے بعد کلمہ کفر کا زبان سے ادا ہونا مرتد ہونے کا رکن ہے اور مرتد کا حکم صحیح ہونے کے

لئے عقل کا ہونا شرط ہے۔ لہٰذا مجنوں اور بے عقل بچے پر مرتد کا حکم لگانا صحیح نہیں ہے اور جس شخص پر جنون کی کیفیت مستقل طور پر طاری رہتی ہو تو اس پر مرتد کا حکم اس صورت میں لگے گا جبکہ وہ اپنے صحیح الدماغ ہونے کی حالت میں ارتداد کا مرتکب ہو۔ اگر وہ اس وقت ارتداد کا مرتکب ہو جبکہ اس پر جنون کی کیفیت طاری تھی تو اس پر مرتد کا حکم نہیں لگے گا۔ اسی طرح اس شخص پر بھی مرتد کا حکم لگانا صحیح نہیں ہوگا جو ہر وقت نشے کی حالت میں رہتا ہو اور اس کی عقل ماؤف ہو چکی ہو۔

مرتد کا حکم نافذ ہونے کے لئے بالغ ہونا شرط نہیں ہے یعنی یہ ضروری نہیں ہے کہ جو شخص حالتِ بلوغ میں ارتداد کا مرتکب ہو، اسی کو مرتد قرار دیا جائے جبکہ نابالغ پر بھی (جو صاحب عقل وتمیز ہو یعنی اچھے برے اور اسلام وکفر کے فرق کو سمجھتا ہو یا قریب البلوغ ہو) مرتد کا حکم لگ سکتا ہے۔ اسی طرح مرد ہونا بھی مرتد کے حکم نافذ ہونے کے لئے شرط نہیں ہے بلکہ اگر عورت ارتداد کی مرتکب ہوگی تو اس پر بھی مرتد کا حکم لگے گا۔

مرتد کا حکم نافذ ہونے کے لئے رضا ورغبت شرط ہے لہٰذا اس شخص پر مرتد ہونے کا حکم نافذ نہیں ہوسکتا جس کو مرتد ہو جانے پر مجبور کیا گیا ہو۔

جس شخص کو برسام کی (یا کوئی اور) بیماری ہو اس کو کوئی ایسی چیز کھلا دی جائے جس سے اس کی عقل جاتی رہی اور ہذیان بکنے لگے اور پھر اسی حالت میں وہ مرتد ہو جائے تو اس پر مرتد کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔ اسی طرح جو شخص مجنوں ہو یا وسواسی ہو یا کسی بھی قسم کا مغلوب العقل ہو تو اس پر بھی مرتد کا حکم نہیں لگے گا۔

جیسا کہ ابتداء میں بیان کیا گیا ہے کہ جو شخص مرتد ہو جائے اس کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی جائے اور اگر اس کو کوئی شک وشبہ ہو تو اسے دور کیا جائے اور پھر جب وہ دوبارہ دائرہ اسلام میں آنا چاہے تو کلمہ شہادت پڑھے اور مذہب اسلام کے سوا اور سب مذاہب سے بیزاری کا اظہار کرے اور اگر اسی مذہب سے بیزاری کا اظہار کرے جس کے دائرہ میں وہ اسلام کو چھوڑ کر گیا تھا تو یہ بھی کافی ہوگا۔ نیز اگر وہ (مرد یا عورت) شادی شدہ ہے تو نکاح بھی دوبارہ کرنا ہوگا ورنہ دونوں گناہ گار ہوں گے۔ کیونکہ ارتداد سے نکاح بھی ختم

ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص مرتد ہونے کے بعد پھر اسلام میں لوٹ آئے اور پھر کفر کی طرف لوٹ جائے اسی طرح تین مرتبہ کرے اور ہر ہر مرتبہ امام وقت سے مہلت چاہے تو امام وقت اس کو تین تین دن کی تینوں مرتبہ تو مہلت دے دے لیکن اگر وہ پھر چوتھی بار کفر کی طرف لوٹے اور مہلت طلب کرے تو اب چوتھی بار امام وقت اس کو مہلت نہ دے بلکہ اگر وہ آخری طور پر دائرہ اسلام میں واپس آ جائے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کو قتل کر دیا جائے۔

اگر کوئی صاحب عقل لڑکا مرتد ہو جائے تو اس کا ارتداد حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ اور حضرت امام محمدؒ کے نزدیک معتبر ہوگا لہٰذا اس کو دائرہ اسلام میں آ جانے پر مجبور کیا جائے اور اس کو قتل نہ کیا جائے۔ یہی حکم اس لڑکے کا ہے جو قریب البلوغ ہو۔ صاحب عقل لڑکے سے مراد ایسی عمر کا لڑکا ہے جو یہ سمجھتا ہو کہ اسلام نجات کا ذریعہ ہے اور وہ اچھے اور برے میں، چھوٹے اور بڑے میں، میٹھے اور کڑوے میں تمیز کر سکتا ہو۔ بعض حضرات کے نزدیک وہ لڑکا مراد ہے جو سات سال کی عمر کو پہنچ گیا ہو۔

اگر کوئی عورت مرتد ہو جائے تو اس کو قتل نہ کیا جائے بلکہ جب تک وہ مسلمان نہ ہو جائے اس کو قید میں ڈالے رکھا جائے اور ہر تیسرے دن اس کو بطور تنبیہ مارا جائے تاکہ وہ اپنے ارتداد سے توبہ کر کے دائرہ اسلام میں آ جائے لیکن اگر کوئی شخص کسی مرتد عورت کو قتل کر دے تو قاتل پر کچھ واجب نہیں ہوگا۔

جب کوئی شخص مرتد ہو جاتا ہے تو اس کے مال سے اس کی ملکیت زائل ہو جاتی ہے لیکن ملکیت کا زائل ہونا موقوف رہتا ہے اگر اس شخص کو توبہ کی توفیق نصیب ہو جائے اور وہ پھر مسلمان ہو جائے تو اس کی ملکیت بھی واپس آ جاتی ہے اور اگر وہ اسی حالت ارتداد میں مر جائے یا اس کو قتل کر دیا جائے تو اس کے اس مال کے جو اس نے اسلام کی حالت میں کمایا تھا اس کے مسلمان وارث اس کے حقدار ہوں گے اور ان کو اس مال کا وہی حصہ ملے گا جو اس کے زمانہ اسلام کے لئے ہوئے دَین تھے، اس کے دَین (قرض وغیرہ) کی ادائیگی کے بعد بچے گا اور جو مال اس نے حالت ارتداد میں کمایا ہوگا اس میں سے اس کے زمانۂ ارتداد کے

دَین (قرض وغیرہ) کی ادائیگی کے بعد جو کچھ بچے گا وہ مال فـــئـــی شمار ہو کر بیت المال میں جمع ہوگا (اگر بیت المال ہو تو)۔ ورنہ دوسرے مصارف میں اس کو استعمال کیا جائے گا۔

یہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کا قول ہے۔ صاحبین یعنی حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ کے نزدیک مرتد کی ملکیت زائل نہیں ہوتی۔

اگر کوئی مرتد اپنے ارتداد سے تائب ہو کر دارالاسلام واپس آ جائے اور یہ واپسی قاضی وحاکم کی طرف سے اس کے دارالحرب چلے جانے کے حکم کے نفاذ سے پہلے ہو تو اس کے مال واسباب کے بارے میں اس کے مرتد ہو جانے کا حکم باطل ہو جاتا ہے اور وہ ایسا ہو جاتا ہے گویا کہ مسلمان ہی تھا۔ اور اگر اس کی واپسی قاضی وحاکم کے حکم کے نفاذ کے بعد ہو تو وہ اپنے وارثوں کے پاس اپنی جو چیز پائے اس کو لے لے اور جو مال واسباب اس کے وارثوں نے بیع، ہبہ اور عتاق وغیرہ کے ذریعہ اپنی ملکیت سے نکال دیا ہے اس کے مطالبہ کا حق اس کو نہیں پہنچے گا اور اپنے وارثوں سے اس کو ایسے مال کا بدلہ ومعاوضہ لینے کا حق حاصل ہوگا۔

جو شخص اپنے ماں باپ کی اتباع میں مسلمان تھا (یعنی وہ بچہ تھا اور اپنے مسلمان ماں باپ کی وجہ سے مسلمان کے حکم میں تھا) اور پھر ارتداد کے ساتھ بالغ ہوا تو اگرچہ قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ اس کو قتل کیا جائے مگر اس کے بارے میں از راہ استحسان یہ حکم ہے کہ اس کو قتل نہ کیا جائے (کیونکہ بلوغ سے پہلے وہ مستقل بالذات مسلمان نہیں تھا بلکہ اپنے ماں باپ کی اتباع میں مسلمان کے حکم میں تھا) اسی طرح یہی حکم اس شخص کے بارے میں ہے جو چھوٹی عمر میں مسلمان ہو گیا تھا مگر جب بالغ ہوا تو مرتد تھا نیز اگر کسی شخص کو زبردستی اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا گیا اور پھر وہ اسلام سے پھر گیا تو اس کو بھی از راہ استحسان قتل نہ کیا جائے لیکن ان تمام صورتوں میں حکم یہ ہے کہ اس کو اسلام قبول کر لینے پر مجبور کیا جائے اور اگر اسلام قبول کرنے سے پہلے کسی نے اس کو مار ڈالا تو مارنے والے پر کچھ واجب نہیں ہوگا۔

لقیط (وہ بچہ جو کہیں پڑا ہوا پایا جائے) اگر دارالاسلام میں ہو تو اس کے مسلمان ہونے کا حکم نافذ کیا جائے اور اگر کفر کی حالت میں بالغ ہو تو اس کو اسلام لانے پر مجبور کیا

جائے لیکن اس کو قتل نہ کیا جائے۔

یہاں تک تو مرتد کے بارے میں کچھ احکام ومسائل کا ذکر تھا۔ اب کچھ ان باتوں کو بیان کردینا ضروری ہے جن کا مرتکب کافر ہوجاتا ہے چنانچہ ان میں سے بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق ایمان واسلام سے ہے۔ بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات وصفات وغیرہ سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق انبیاء علیہم السلام سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق صحابہ کرامؓ سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق فرشتوں سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق قرآن مجید سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق نماز، روزے اور زکوٰۃ سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق علم اور علماء سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق حلال وحرام وغیرہ سے ہے، بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق قیامت وغیرہ سے ہے اور بعض باتیں وہ ہیں جن کا تعلق کفر کی تلقین کرنے سے ہے۔ چونکہ یہ ایک طویل سلسلہ ہے اس لئے ان باتوں (یعنی موجبات کفر) کو ترتیب کے ساتھ الگ الگ عنوان کے ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

• • •

وہ موجباتِ کفر جن کا تعلق ایمان واسلام سے ہے

ایمان واسلام کے بارے میں وہ باتیں جن کا مرتکب کافر ہوجاتا ہے، یہ ہیں۔

اگر کوئی شخص یوں کہے کہ "مجھے نہیں معلوم کہ میرا ایمان صحیح ہے یا نہیں؟" تو یہ خطائے عظیم ہے۔ ہاں اگر اس بات کا مقصد اپنے شک کی نفی کرنا ہو تو خطائے عظیم نہیں ہے۔ جس شخص نے اپنے ایمان میں شک کیا اور یہ کہا کہ "میں مومن ہوں انشاء اللہ" تو وہ کافر ہے۔ ہاں اگر وہ یہ تاویل کرے کہ "مجھے نہیں معلوم کہ میں اس دنیا سے ایمان کے ساتھ اٹھوں گا یا نہیں؟" تو اس صورت میں وہ کافر نہیں ہوگا۔ جس شخص نے یہ عقیدہ رکھا کہ ایمان و کفر ایک ہیں تو وہ کافر ہے۔ جو شخص ایمان پر راضی ومطمئن نہ ہوا وہ کافر ہے۔ (ایمان کے متعلق تفصیل کتاب کے شروع میں بیان ہوچکی ہے) جو شخص اپنے نفس کے کفر پر راضی ہوا وہ کافر ہے۔ اور جو شخص اپنے غیر کے کفر پر راضی ہوا اس کے بارے میں علماء کے اختلافی

اقوال ہیں اور فتویٰ اس قول پر ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے غیر کے کفر پر اس لئے راضی ہوا تا کہ وہ (کافر) ہمیشہ عذاب میں مبتلا رہے تو وہ کافر نہیں ہوگا۔ اور اگر وہ اس کے کفر پر اس لئے راضی ہوا تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حق میں اس چیز کا اظہار کرے جو اسکی صفات کے لائق نہیں ہے تو وہ کافر ہو جائے گا۔ جس شخص نے یہ کہا کہ "میں اسلام کی صفت نہیں جانتا" تو وہ کافر ہو گیا۔ (اسلام کے متعلق تفصیل بھی کتاب کے شروع میں بیان ہو چکی ہے۔) شمس الائمہ حلوانیؒ نے اس مسئلہ کو بڑے سخت انداز میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ اس طرح کہنے والا ایک ایسا شخص ہے جس کے لئے نہ دین ہے، نہ نماز ہے، نہ روزہ ہے، نہ طاعت و عبادت ہے، نہ نکاح ہے اور اس کی اولاد زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اولاد ہے۔

